**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**20اگست2026ء**

# پریس ریلیز

## مسجدِ اقصیٰ میں یہود کو عبادت کی باقاعدہ اجازت دینا صہیونی توسیع پسندانہ عزائم کا خطرناک اظہار ہے۔
## یہ اقدام صہیونیوں کے ابلیسی ''گریٹر اسرائیل'' منصوبے کی تکمیل کی طرف ایک اور قدم ہے۔
## مسلم ممالک ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل سے تعلقات بڑھانے کی بجائے قبلۂ اوّل کے تحفظ کے لیے متحد ہوں۔
## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مسجدِ اقصیٰ میں یہود کو عبادت کی باقاعدہ اجازت دینا صہیونی توسیع پسندانہ عزائم کا خطرناک اظہار ہے۔ یہ اقدام صہیونیوں کے ابلیسی ''گریٹر اسرائیل'' منصوبے کی تکمیل کی طرف ایک اور قدم ہے۔ مسلم ممالک ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل سے تعلقات بڑھانے کی بجائے قبلۂ اوّل کے تحفظ کے لیے متحد ہوں۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنھوں نے مسجدِ اقصیٰ کے احاطے میں یہودیوں کو باقاعدہ مذہبی عبادت کی اجازت دینے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صہیونی انتظامیہ کی نگرانی میں یہود کا دعائیہ کتب کے ساتھ مسجدِ اقصیٰ میں داخل ہو کر مذہبی رسومات ادا کرنا در حقیقت ارضِ مقدس کے مذہبی اور تاریخی تشخص کو تبدیل کر کے غاصب صہیونیوں کی مسجدِ اقصیٰ پر باقاعدہ اجارہ داری قائم کرنے اور مسلمانوں کی قبلۂ اوّل سے بے دخلی کے دجالی منصوبے کا تسلسل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صہیونی ایک عرصہ سے مسجدِ اقصیٰ کو (معاذ اللہ) شہید کر کے وہاں تھرڈ ٹیمپل کو تعمیر کرنے کی دجالی سازش میں مصروف ہیں اور گریٹر اسرائیل کے ابلیسی منصوبہ کی تکمیل کی طرف بڑھنے کے لیے ہر طرح کے سیاسی اور مذہبی حربے استعمال کر رہے ہیں۔اُنھوں نے اُمَّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ آپس کے ایسے دفاعی معاہدوں کا حاصل وصول کیا ہے جو نہ تو غزہ کے عوام کو صہیونیوں کی جانب سے جاری مسلسل نسل کُشی سے بچا سکے اور نہ قبلۂ اوّل کی حفاظت کے لیے عملی اقدامات اُٹھانے کی ہمت اور حوصلہ دے۔دوسری طرف بعض مسلم ممالک اب بھی اسرائیل کے ساتھ تعلقات بڑھانے کے لیے بے تاب دکھائی دیتے ہیں اور امریکی صدر ٹرمپ کی سرکردگی میں نام نہاد ''ابراہم اکارڈز'' کو وسعت دینے کی مذموم کوششیں انتہائی تشویش ناک ہیں۔امیر تنظیم نے کہا کہ مسلمانوں کی آج دنیا بھر میں ذلت و رسوائی کی بنیادی وجہ قرآن اور اُسوۂ رسول ﷺ سے دوری ہے۔ آج اگر یہود کے حوالے سے قرآنی تعلیمات پر عمل کیا جا رہا ہوتا تو صہیونیوں کو ارضِ مقدس پر قبضہ جما کر فلسطینی مسلمانوں پر ظلم و ستم ڈھانے کی ہرگز جرأت نہ ہوتی۔اُنھوں نے مطالبہ کیا کہ مسلم ممالک صہیونی سازشوں کے مقابلے کے لیے متحد ہوں اور ملتِ واحدہ کی صورت اختیار کر کے نہ صرف فلسطینی مسلمانوں کی عملی مدد کریں بلکہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کے ابلیسی منصوبوں کو خاک میں ملانے کے لیے مؤثر حکمتِ عملی اختیار کریں۔اِسی میں مسلمانوں کی دنیوی فلاح اور آخرت کی کامیابی مضمر ہے۔

جاری کردہ
**رضاء الحق**
مرکزی ناظم نشرو اشاعت

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 20th, 2026**

## Allowing Jews formal permission to worship at Masjid al-Aqsa is a dangerous manifestation of Zionist expansionist designs.

## This step marks yet another move towards the fulfilment of the Zionists' satanic "Greater Israel" Project.

## Muslim countries must unite to protect the first Qiblah instead of expanding relations with the illegitimate Zionist state of Israel.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. Strongly condemning the formal permission granted to Jews to perform rituals of worship within the precincts of Masjid al-Aqsa, he said that Jews entering Masjid al-Aqsa with prayer books and performing religious rituals under the supervision of the Zionist administration is, in reality, a continuation of the Dajjali plan to alter the religious and historical identity of the Holy Land, establish formal Zionist control over Masjid al-Aqsa, and dispossess Muslims of their First Qiblah. The reality is that the Zionists have long been engaged in a Dajjali conspiracy to demolish Masjid al-Aqsa – Allah forbid – and construct the so-called Third Temple in its place, while employing every political and religious tactic to advance the satanic Greater Israel project. Referring to the present plight of the Muslim Ummah, he questioned the value of such mutual defense agreements that have neither been able to protect the people of Gaza from the ongoing Zionist genocide nor given Muslim countries the courage and resolve to take practical measures for the protection of the First Qiblah. On the other hand, some Muslim countries still appear eager to expand relations with Israel, while the nefarious attempts to broaden the so-called Abraham Accords under the leadership of US President Donald Trump are deeply alarming.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the fundamental reason for the humiliation and disgrace of Muslims across the world today is their distance from the Holy Qur'an and the blessed example of the Holy Prophet (*S.A.W.W.*). Had the Qur'anic teachings concerning the Jews been acted upon today, the Zionists would never have dared to establish their occupation over the Holy Land and inflict oppression and brutality upon the Palestinian Muslims. He called upon Muslim countries to unite against Zionist conspiracies and assume the form of a single Ummah, not only by extending practical support to the Palestinian Muslims but also by adopting an effective strategy to bring the satanic designs of the illegitimate Zionist state of Israel to ruin. In this alone lies the worldly well-being of Muslims and their success in the Hereafter.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**